## الطاف حسین نے 120 گز کے مکان سے اپنی تحریک کا آغاز کیا، ایم کیوایم پاکستان میں ایک منظّم ترین جماعت ہے، انیس قائم خانی
## نجی چینل ''آج'' کے ایگزیکٹوڈائریکٹر اور ممتاز ٹی وی اینکر طلعت حسین سے دورہ نائن زیرو کے موقع پر گفتگو

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم متوسط اور غریب طبقے سے تعلق رکھنے والی جماعت ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 120 گز کے مکان سے اپنی تحریک کا آغاز کیا جواب پورے پاکستان میں ایک منظّم ترین جماعت ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روزنجی ٹی وی چینل ''آج'' کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ممتاز ٹی وی اینکر طلعت حسین سے رابطہ کمیٹی کے دفتر میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین چاہتے ہیں کہ ان کی یہ طرز سیاست ملک کے غریب اور متوسط طبقے کےعوام تک پہنچے جو اقرباء پروری اور موروثی سیاست سے پاک ہو یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین پاکستان کے وہ واحد سیاسی رہنما ہیں جنکا کوئی قریبی رشتہ دار بھی ایم این اے، ایم پی اے یا کسی اوراعلیٰ عہدے پر فائز نہیں ہے۔ انہوں نے طلعت حسین کو بتایا کہ جناب الطاف حسین کا پیغام حق پرستی ملک کے غریب ومتوسط طبقے تک نہ پہنچنے دینے کیلئے طرح طرح کی رکاوٹیں کھڑی کی گئیں اور منفی پروپیگنڈا کیا گیا تاہم اس کے باوجود الطاف حسین کا پیغام حق پرستی ملک بھر کےعوام میں تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے جس کے باعث بہت جلد پورے ملک پر غریب اور متوسط طبقے کےعوام کی حکمرانی ہوگی۔ اس سے قبل طلعت حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو کا تفصیلی دورہ کیا رہنماؤں سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے مختلف تنظیمی شعبہ جات دیکھے۔ طلعت حسین نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، سیف یار خان، رضا ہارون اور رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر صغیر احمد کے علاوہ ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کی مرکزی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز اور اراکین سیف عباس، قمر منصور، احمد سلیم صدیقی، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، ارکان صوبائی اسمبلی خواجہ اظہار الحسن اور عامر معین پیرزادہ بھی موجود تھے۔ معزز مہمان کچھ دیر تک نائن زیرو پر رہے اور ایم کیوایم کے رہنماؤں اور ذمہ داران سے باہمی دلچسپی کے دیگر امور کے علاوہ ملک کی سیاسی صورتحال، ملک میں جاری طالبانائزیشن، قائد تحریک الطاف حسین کی شخصیت، ان کے سیاسی وسماجی کارناموں، تحریکی جدوجہد، ایم کیوایم کے نظم وضبط اور ایم کیوایم کے معمول کے طریقہ کار جیسے موضوعات پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا اور آگاہی حاصل کی انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی تحریکی جدوجہد پر مشتمل ایک تصویری سوانح اور ایم کیوایم کا تنظیمی لٹریچر بھی پیش کیا گیا۔ انہوں نے ایم کیوایم کے کمیونی کیشن میڈیا مینجمنٹ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کے شعبہ اطلاعات کے پاس موجود اس جدید ترین ٹیکنالوجی سے انتہائی متاثر ہوئے۔ بعدازاں طلعت حسین نے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی، لیبر ڈویژن، پبلک سیکریٹریٹ، الیکشن سیل اور دیگر شعبہ جات کا بھی دورہ کیا۔ انہیں پبلک سیکریٹریٹ کے بارے میں بتایا گیا کہ یہاں منسٹرز، ایم این ایز، سینیٹرز، ایم پی ایز اور مشیران بلا رنگ ونسل تمام افراد کے مسائل حل کرتے ہیں۔ آخر میں انہوں نے اپنے دورہ نائن زیرو کے حوالے سے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کئے۔

## جامع مسجد دہلی کے سابق پیش امام، امام عبداللہ بخاری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔8، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جامع مسجد دہلی کے سابق پیش امام، امام عبداللہ بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے امام عبداللہ بخاری مرحوم کے تمام عقیدت مندوں اور سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہا کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ امام بخاری مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## عوام وکارکنان محمد رفیق کی والدہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔8 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ سلاؤ یونٹ کے جوائنٹ انچارج محمد رفیق کی والدہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محمد رفیق کی والدہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## بجلی کا سنگین بحران ملک کی معیشت، صنعتی وکاروباری سرگرمیوں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے خلاف گھناؤنی سازش ہے، اراکین قومی اسمبلی

## بجلی فراہمی کے متعلقہ ادارے کو فی الفور قومی تحویل میں لیا جائے

کراچی۔۔۔8، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں جاری بجلی کے سنگین بحران کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے ملک کی معیشت، صنعتی وکاروباری سرگرمیوں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے خلاف گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کے بد ترین بحران کے باعث جہاں ملک کی معیشت تباہی کے دہانے پر جارہی ہے وہیں صنعتی وکاروباری سرگرمیاں اور عوام کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں، اسپتالوں میں آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں، طلباء کی پڑھائی متاثر ہورہی ہے اور تفریحی مقامات ویران پڑے ہیں، عوام طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث ذہنی اذیت کا شکار ہیں اور احتجاجی مظاہرے کرنے پر مجبور ہورہے ہیں جس سے امن وامان کی صورتحال بھی خطرے میں مبتلا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے موجودہ حکومت جس قدر جلد ممکن ہو متعلقہ اداروں کو قومی تحویل میں لے اور اس مسئلہ کو ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی، حیدرآباد سمیت ملک بھر میں جاری بجلی کے سنگین بحران کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور عوام کو بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## حق پرست صوبائی وزیر، اراکین اسمبلی اور ٹاؤن ناظم نے لانڈھی میں دو بھائیوں کی ہلاکت اور کورنگی چکرا گوٹھ میں 3 سالہ بچی کے زیادتی کے بعد قتل کے واقعات پر گھر جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔8، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، رکن قومی اسمبلی ایوب شیخ، رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن اور حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈووکیٹ نے لانڈھی میں ڈکیتی پر مزاحمت کے دوران 2 بھائیوں کی ہلاکت اور کورنگی چکرا گوٹھ میں زیادتی کے بعد قتل کی جانے والی 3 سالہ بچی کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان افسوسناک واقعات پر سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم لانڈھی اور کورنگی سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایم کیوایم کے رہنماؤں نے لانڈھی میں ڈکیتی پر مزاحمت کے دوران 2 بھائیوں کی ہلاکت اور کورنگی چکرا گوٹھ میں 3 سالہ بچی کے زیادتی کے بعد قتل جیسے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات معاشرے پر کلنک کا ٹیکہ ہیں اور اس سے انسانیت کے سر شرم سے جھک گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں افسوسناک واقعات میں محکمہ پولیس کا کردار منفی رہا ہے جس کے باعث عوام مشتعل ہوئے اور امن وامان کی صورتحال بھی خراب ہوئی۔ انہوں نے دونوں واقعات پر سوگواران اور اہل محلّہ سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار بھی کیا اور انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے یقین دلایا کہ سفاک ملزمان قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکتے اور اپنے عبرتناک انجام سے ضرور دوچار ہوں گے۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن عبدالرحمٰن کی اہلیہ محترمہ شاہجہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆